ایس او پی برائے انوائیر منٹ اور پانی کے ضیاع کا کنٹرول

1۔ سوسائٹی کے تمام رہائشی مستقبل کے لیے پانی کو محفوظ کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

2۔ سوسائٹی کے رہائشی اور کرایہ داران کار، گاڑی، بائیک یا ریمپ وغیرہ کو دھونے کے لیے بالٹی یا ٹب کا استعمال کریں اور رہائشی یا کرایہ داران اپنے گھریلوں ملازمین کو اس حوالے سے مکمل ہدایات اور ٹریننگ دیں۔ پائپ کے ذریعے پانی کا استعمال گاڑی، کار، بائیک یا ریمپ وغیرہ کو دھونے کا استعمال ہرگز نہ کریں۔

3۔ رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے گھر کے باہر لان یا گرین بیلٹ کو پانی دینے کے لیے پانی والے فوارے کا محدود استعمال کریں۔ پائپ کا استعمال ہرگز نہ کریں۔

4۔ سبزیوں کی کاشت اور اگنے والی فصل کو پانی دینے کے لیے خالی پلاٹ استعمال کرنا منع ہے۔

5۔ (ا)۔ کوآپریٹو سوسائٹیز پنجاب لاہور آفس کے ذریعے رہائشیوں پر عائد جرمانے درج ذیل ہیں:

A۔ پہلی خلاف ورزی = -/5,000 روپے

B۔ دوسری خلاف ورزی = -/10,000 روپے

C۔ تیسری خلاف ورزی = پانی کی فراہمی کا کنکشن منقطع

(ب)۔ تمام رہائشی بشمول کرایہ داران کی اطلاع کے لیے درج ہے کہ:۔(As per Lahore High Court Orders)

A۔ پہلی خلاف ورزی = -/100,000 روپے

B۔ دوسری خلاف ورزی = -/500,000 روپے

C۔ تیسری خلاف ورزی = منتخب سیکرٹری کے خلاف تادیبی کارروائی اور قانونی کارروائی۔

7۔ درختوں، پودوں کو کاٹنا یا نقصان پہنچانا سخت منع ہے۔ خلاف ورزی کرنے پر مبلغ -/5,000 روپے جرمانہ ہو گا۔ درختوں سے متعلق کوئی بھی معاملہ ہو تو رہائشی سوسائٹی انتظامیہ سے رابطہ کریں۔

8۔ بیرونی گیٹ اور اندرونی پودوں کی کٹنگ، شاخیں اور پتے وغیرہ خالی پلاٹوں میں جگہ جگہ پھینکنے کی بجائے صرف سوسائٹی انتظامیہ کی جانب سے مختص کی گئی جگہوں پر ڈسپوز کریں۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

9۔ خالی لفافے، فوڈر پیپرز، بوتلیں اور کاغذ وغیرہ سڑک، فٹ پاتھ اور گرین بیلٹز پر مت پھینکیں اور ذمہ دار رہائشی اور ملاقاتی کا ثبوت دیں۔ ہو سکتا ہے کیمرے کی آنکھ یا دوسرا ذمہ دار رہائشی آپ کو دیکھ رہا ہو جو آپ کو اس حرکت سے منع بھی کر سکتا ہے اور سرزنش بھی کر سکتا ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں مبلغ -/1000 روپے جرمانہ عائد ہو گا۔

10۔ ابدالین سوسائٹی میں گھروں کے باہر دیواروں، ٹیرس، بالکونی یا گیٹ وغیرہ پر کپڑے، قالین، میٹ وغیرہ لٹکانے اجازت نہیں ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں مبلغ -/2,000 روپے جرمانہ عائد ہو گا۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

جنرل سیکرٹری